Australian Government

COVID-19 VACCINATION

رہائش گاہوں میں عمررسیدہ افراد کی دیکھ بھال کرنے والا میرا آجرمجھ سےیہ کیوں پوچھ رہا ہے کہ کیا میں نے کووڈ-19 ویکسینیشن کروالی ہے؟

معلومات 4 جون 2021 تک تازہ ترین ہیں

ویکسینیشن کووڈ-19 کے خلاف موثر ترین حفاظت ہے۔ عمر رسیدہ افراد کی دیکھ بھال کرنے والی جگہوں کے مکینوں اور ان کارکنوں کی جو ان کی دیکھ بھال کررہےہیں کی حفاظت کرنا ایک ترجیح ہے۔

اس لیے حکومتوں اور عمررسیدہ افراد کی رہائش گاہوں میں دیکھ بھال مہیا کرنے والے کے لیےیہ بات سمجھنا اہم ہے کہ عمررسیدہ افراد کی دیکھ بھال کرنے والے کتنے کارکنوں نے کووڈ-19 کے خلاف ویکسین لگوا لی ہے۔ان معلومات سے مکینوں اور کارکنوں کو درپیش خطرات کو سمجھنے میں مدد ملتی ہے، جو ایک کووڈ-19 کے پھیلاو کے خلاف تیاری اور منصوبہ بندی کرنے کا ایک حصہ ہے۔

اگر آپ کی کمیونٹی میں کووڈ-19 پھیلتا ہے، تو یہ بات جاننا اہم ہوگی کہ کتنے کارکنوں کو ویکسین لگائی جا چکی ہے تاکہ ان لوگوں کے لیے حفاظتی اقدامات اٹھائے جا سکیں جنہیں ویکسین نہیں لگائی گئی ہے۔

آسٹریلیا کے حفاظتی ٹیکوں کے رجسٹر میں ہر ایک کی ویکسینیشن کی تاریخ کا ریکارڈ ہوتا ہے۔ لیکن اس میں آپکے کام یا آپکے آجرکےبارے میں معلومات نہیں ہوتی ہیں۔

آسٹریلوی حکومت اس مقصد کے لیےمنظورشدہ رہائشی عمررسیدہ افراد کی دیکھ بھال کی خدمات، اور ان ہوم اور کمیونٹی عمررسیدہ افراد کی دیکھ بھال کی خدمات کے لیے رپورٹ کرنے کا ایک نیا طریقہ متعارف کروا رہی۔ یہ اب خدمات مہیا کرنے والوں کےاستعمال کے لیے رضاکارانہ بنیادوں پرMy Aged Care کے ذریعے دستیاب ہے۔

جب کہ رپورٹنگ ابتدائی طور پر رضا کارانہ ہے، منظورشدہ خدمات مہیا کرنے والوں کی پرزور حوصلہ افزائی کی جاتی ہے کہ ہفتہ وار بنیادوں پر اب ان پر رپورٹ کرنا شروع کردیں:

- ہررہائشی عمررسیدہ افراد کی دیکھ بھال کی خدمت کے ہاں کارکنا ن کی مجموعی تعداد
- ہر ایک خدمت میں ان کارکنا ن کی مجموعی تعداد جنھوں نے کووڈ-19 ویکسین کی ایک سنگل خوراک لےلی ہے
- ہر ایک خدمت میں ان کارکنا ن کی مجموعی تعداد جنھوں نے کووڈ-19 ویکسین کی تمام ضروری خوراکیں لے لی ہیں۔

اس طرح کی رپورٹنگ منظورشدہ رہائشی عمررسیدہ افراد کی خدمات فراہم کرنے والوں کے لیے 15 جون 2021 سے ایک رسمی ضرورت بن جائے گی۔ ان ہوم اور کمیونٹی عمررسیدہ افراد کی دیکھ بھال مہیا کرنے والوں کے لیے آنے والے ہفتوں میں اسطرح کی رپورٹ کرنا ایک رسمی تقاضہ بن جائے گی۔

یہ مجھے کسطرح سے متاثر کرے گی؟

آپ کے کام کی جگہ والے آپ کے کیساتھ بات چیت کریں گے کہ وہ کسطرح سے یہ معلومات اکٹھی کریں گے اوریہ رپورٹ کریں گے کہ اس سروس میں کووڈ-19 ویکسین کی ایک سنگل خوراک یا کووڈ-19 ویکسین کی تمام ضروری خوراکیں کتنے کارکنوں نے لے لی ہیں۔

یہ بات جاننا آپ کے لیے اہم ہے کہ کووڈ-19 ویکسین لگوانا ایک رضاکارانہ عمل ہے۔ ویکسین لگوانے یا نہ لگوانے کا فیصلہ کرنا آپ کا انتخاب ہے۔ اپنے آجر کو یہ بتانا کہ آپ نےایک کووڈ-19 ویکسین لگوا لی ہے یا نہیں لگوائی ہے آپ کا انتخاب ہے۔ یہ بھی اہم ہے کہ آپ اس وجہ کو سمجھیں کہ یہ معلومات ان لوگوں کی حفاظت کرنے کے لیے کیوں اکٹھی کی جارہی ہیں جن کی آپ دیکھ بھال کررہے ہیں۔

میرے کام کی جگہ والے کون سی معلومات اکٹھی کرسکتے اور رپورٹ کرسکتے ہیں؟

اعداد و شمار جمع کرنے کے طریقہ کار سے بہت مماثلت رکھتا ہے جس وقت آپ کا آجر انفلوئنزا ویکسینیشن حاصل کرنے والے کارکنوں کی تعداد کے بارے میں معلومات ریکارڈ کرتا ہے۔

آپ کے کام کی جگہ والے درج ذیل معلومات محکمہ صحت کو بہم پہنچا سکتے ہیں:

- عمررسیدہ افراد کی دیکھ بھال کرنے والی ہرایک خدمت میں کارکنان کی مجموعی تعداد
- ہر ایک خدمت میں ان کارکنا ن کی مجموعی تعداد جنہوں نے کووڈ-19 ویکسین کی ایک سنگل خوراک لےلی ہے
- ہر ایک خدمت میں ان کارکنا ن کی مجموعی تعداد جنہوں نے کووڈ-19 ویکسین کی تمام ضروری خوراکیں لے لی ہیں۔

آپ کے کام کی جگہ والے جو معلومات رپورٹ کریں گے اس میں کسی فرد کی شناخت نہیں کی جائے گی۔

رپورٹنگ میں تمام لوگ شامل ہوں گے(بشمول رضاکاروں کے) جو عمررسیدہ افرادکی دیکھ بھال کرنے والی جگہوں پر کام کررہے ہیں اور جو مکینوں کی دیکھ بھال، مکینوں کی امداد و خدمات، نان و نفقہ اور انتظامات کےلیے ذمہ دار ہیں ۔

کیا میرے لیے یہ ضروری ہے کہ میں اپنے آجر کو بتاوں کہ میں کووڈ-19 ویکسینیشن کروا لی ہے؟

نہیں۔ یہ آپ کا انتخاب ہے لیکن آپ کی حوصلہ افزائی کیجاتی ہے کہ آپ یہ معلومات اپنے آجر کو اپنی سروس میں کووڈ-19 کی تیاری اور منصوبہ بندی کرنےکے ایک حصے کے طور پر بتائیں۔

آپ کے آجر سے توقع کی جاتی ہے کہ وہ آپ سے احترام کے ساتھ اس بارے میں بات چیت کرے گا:

- یہ وضاحت کرے گا کہ کارکنوں سے وہ کووڈ-19 ویکسینیشن کے بارے میں معلومات کیوں اکٹھا کررہے ہیں
- یہ یقینی بنانا کہ آپ سمجھتے ہوں کہ کووڈ-19 ویکسینیشن کروانا آپ کا انتخاب ہے
- یہ یقینی بنانا کہ آپ سمجھتے ہوں کہ آپ کی ذاتی رازداری محفوظ ہے، اور
- یہ یقینی بنانا کہ آپ اپنے اس حق سے آگاہ ہوں کہ آپ یہ معلومات دینے سے انکار کرسکتے ہیں۔

اگرمیں یہ معلومات اپنے آجر کو دینے پر رضامند ہوں تو کیا مجھے اپنی کووڈ-19 ویکسینیشن کا ثبوت دینے کی ضرورت ہوگی؟

نہیں۔ یہ آپ کا انتخاب ہے۔آپکا آجر آپ کے ساتھ بات چیت کرکے بتائے گا کہ وہ آپ کی کووڈ-19 ویکسینیشن کو کیسے ریکارڈ کرے گا، اگرآپ یہ معلومات انہیں دینے پر رضامند ہوں تو۔ان کارکنوں کے لیے جو رضامند ہوں ، آپ اپنے آجر کو اپنی خوشی سے مہیا کرسکتے ہیں ایک:

- ویکسینیشن سرٹیفیکیٹ یا ویکسین مہیا کنندہ کی جانب سے کوئی اور شہادت ، یا
- حفاظتی ٹیکوں کی تاریخ کے بارے مٰیں ایک بیان جس تک آپ میڈی کیئر آن لائین یا ایکسپریس پلس میڈی کیئر موبائیل ایپ کے ذریعے رسائی حاصل کرسکتے ہیں۔

متبادل کے طور پر ، آپ یہ دینے پر غور کرسکتے ہیں:

- ایک دستخط شدہ اعلانیہ، یا
- کسی ہیلتھ پریکٹیشنر کی جانب سے ایک ریکارڈ

کووڈ-19 ویکسینیشن کروانے کے فیصلے میں مدد دینے کے لیے مجھے کہاں سے معلومات مل سکتی ہیں؟

آپ کی سروس کو کافی تعداد میں کارکنوں کی امداد کے لیےمعلومات اورمواد وصول ہوگیا ہے کووڈ-19 ویکسینیشن کروانے کا فیصلہ کرنے کے بارے میں، اور کارکنوں کی یہ جاننے میں مدد کے لیے کہ وہ کہاں سے ویکسینیشن کروا سکتے ہیں۔ اس میں شامل ہیں معلومات جن کا ترجمہ کیا گیا ہے 19 زبانوں میں.آپ یہ معلومات حاصل کرسکتے ہیں **health.gov.au** ویب سائیٹ سے بھی۔

یہ بات اہم ہے کہ کووڈ-19 ویکسینوں کے بارے میں قابل اعتماد ،قابل بھروسہ معلومات لی جائیں، ویکسینیشن کیوں اہم ہے اور کسطرح سے ویکسینیشن تک رسائی ہو سکتی ہے۔

مزید معلومات کے لیے مہربانی کرکے محکمہ صحت سے رابطہ کریں
ای میل پر:**AgedCareCOVIDLiaison@health.gov.au** یا اپنی یونین کیساتھ مشورے اور مدد کے لیے رابطہ کریں۔